PAPER CODE - 8025

401335 DGK

12018 بارہویں کلاس

اردو لازمی ، گروپ پہلا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مولوی نذیر احمد شادی کے وقت ملازم تھے۔ | پندرہ روپے کے | دس روپے کے | بیس روپے کے | پچاس روپے کے |
| 2 | نواب محسن الملک نے ریاست کا بجٹ نمونے پر مرتب کیا۔ | مصر کے | ترکی کے | علی گڑھ کے | عراق کے |
| 3 | مولانا ظفر علی خاں محروم تھے۔ | توند سے | آنکھ سے | ہاتھ سے | پاؤں سے |
| 4 | کابل ہوٹل میں روزانہ کا اچھا کمرہ ہے۔ | ایک ڈالر | سات ڈالر | دس ڈالر | چار ڈالر |
| 5 | پنا لال جوہری زبردستی نجن کے پلے باندھ دیتا تھا۔ | دو سو روپے | پانچ سو روپے | پچاس روپے | ایک سو روپے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | آج عمران کالج نہیں آسکا.....اس کا بیٹا بیمار تھا۔ | اگرچہ | کہ | کیونکہ | چنانچہ |
| 7 | میں نے یہاں کے آم میٹھے .......... | پائیں | پائی | پائے | پایا |
| 8 | یہ عورت بڑی .......... | لڑاکی ہے | لڑاکو ہے | لڑاکیں ہے | لڑاکا ہے |
| 9 | چونکہ وہ بیمار ہے.....کالج نہیں آیا | اس لیے | لہذا | اگرچہ | تاکہ |
| 10 | تم نے آج اخبار جنگ .......... | دیکھی | دیکھا | دیکھیں | دیکھے |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | تفصیلیہ کی علامت ہے۔ | :- | ؛ | ! | : |
| 12 | ندائیہ کی علامت ہے | ؟ | ! | ؛ | : |
| 13 | جملہ معترضہ کے گرد علامت استعمال ہوگی | : | ( ) | ؟ | ، |
| 14 | ؛ علامت ہے۔ | ندائیہ | تفصیلیہ | رابطہ | وقفہ |
| 15 | مختصر ترین ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوگی۔ | ، | : | " " | ؟ |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | لینا : | میں نے یہ مکان خرید لیا ہے | مجھے قلم لادو۔ | بازار سے کتاب لے آؤ | قسمت ہمیں کہاں لے آئی؟ |
| 17 | رہنا : | علی لاہور جا رہا ہے۔ | اصولوں پر قائم رہنا چاہیے۔ | ہنگامہ رات بھر جاری رہا۔ | شاہد گاؤں میں رہتا ہے۔ |
| 18 | لگنا : | تیر نشانے پر جا لگا۔ | میں کیسا لگ رہا ہوں؟ | ٹی وی پر کارٹون لگے ہوئے ہیں | کیا آپ کو میری بات بُری لگی |
| 19 | کرنا : | غلط کام مت کریں | میں نے یہ کام کر دیا ہے | کاش وہ محنت کرتا | کھانا وقت پر کھایا کرو |
| 20 | ڈالنا : | چائے میں چینی ڈالنا | گڑھے میں مٹی ڈالو | بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی | یہ خط ڈال آؤ |

0333-6461909
0302-3725335

SEQUENCE - 3

DGK

(بارھویں کلاس 12018)

اردو لازمی ، گروپ پہلا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

کار زارِ دہر میں وجہِ ظفر ، وجہ سکوں
عرصہ محشر میں وجہِ درگزر ، خیر البشر ﷺ

رونما کب ہوگا راہِ زیست پر منزل کا چاند
ختم کب ہوگا اندھیروں کا سفر خیر البشر ﷺ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

نہ تخت و تاج میں ، نے لشکر و سپاہ میں ہے
جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے

صنم کدہ ہے جہاں اور مردِ حق ہے خلیل
یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لا اِلٰہ میں ہے

وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا
یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے

۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) " میرا بچہ میری آنکھ کا تارا، ارے دیکھو تو کیسے تن کر چل رہا ہے۔ اس کا باہر نکلا ہوا سینہ دیکھو! سانس کس کس بے خوفی سے آ جا رہا ہے! شاباش میرے لاڈلے شاباش! سر اُٹھائے رکھ، تم پر ہم سب کو ناز ہے۔ تجھ پر، میرے دُلارے، جیسے مر جانا ہے۔ دیکھ لو اُسے دیکھ لو۔ جس کے بدن میں گرم خون لہریں مارتا تھا، پر جس کے دل میں قاتل کے لہو کی ایک بُوند بھی نہیں "

(ب) طمع ایسی چیز ہے کہ بڑا سیانا آدمی بھی دھوکا کھا جاتا ہے۔ جنگلی جانور، مینا، طوطا، لال، بُلبل ، آدمی کی شکل سے بھاگتے ہیں؛ لیکن دانے کی طمع سے جال میں پھنس جاتے ہیں اور زندگی بھر قفس میں قید رہتے ہیں۔ اسی طرح محمد عاقل اپنا فائدہ دیکھ کر خوش ہوا اور جب مزاج دار نے کہا کہ وہ حجن بیگم کا تمام اسباب جو بکنے کو نکلے گا ' میرے پاس لانے کا وعدہ کر گئی ہے ، تو محمد عاقل نے کہا: " ضرور دیکھنا چاہیے "

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) ہوائی

0333-6461909
0302-3725335

۵۔ نظم " اسلامی مساوات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) قرآن مکمل ضابطہ حیات
(ب) میری پسندیدہ شخصیت
(ج) سیلاب کی تباہ کاریاں

۷۔ اپنی پسندیدہ کتاب منگوانے کے لیے منیجر کتب خانہ کے نام خط لکھیے۔ ۱۰

PAPER CODE - 8024

420275 DGK

بارہویں کلاس 12018

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں ۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے ۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

(الف) دیے گئے سوالات میں سے درست جواب منتخب کیجیے ۔ ۵

| | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر زیدی کے دروازے کی گھنٹی بجی تو کون آیا؟ | فقیر | سقا | کوئی بھی نہیں | ڈاکٹر برہان |
| 2 | ایسٹ ویسٹ سنٹر کی ایمان شکن چیز کون سی ہے؟ | طلبہ کی گاڑیاں | جاپانی باغ | لوگوں کا لباس | لائبریری |
| 3 | ابن انشا نے کابل جاتے ہوئے پشاور کے کس ہوٹل میں قیام کیا؟ | انٹرنیشنل ہوٹل | ڈین ہوٹل | جن پتھ ہوٹل | سرحد ہوٹل |
| 4 | علامہ ابن جوزی نے کون سی کتاب لکھی تھی؟ | الفاروق | المامون | الغزالی | سیرت العمرین |
| 5 | اکبری کے شوہر کا نام کیا تھا؟ | محمد عاقل | محمد ثاقب | محمد جاوید | محمد عاقل |

(ب) رموز اوقاف اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے ۵

| | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | کسی کو آواز دی جائے یا مخاطب کیا جائے تو کون سی علامت لگاتے ہیں؟ | تفصیلیہ | ندائیہ | خط | استفہامیہ |
| 7 | جملہ معترضہ کی دونوں جانب علامت لگائی جاتی ہے۔ | :- | " " | ؟ | ( ) |
| 8 | خط کہتے ہیں۔ | وقف مطلق کو | سوالیہ کو | وقف خفیف کو | لکیر کو |
| 9 | علامت رابطہ کون سی ہے ؟ | :- | ؛ | ! | : |
| 10 | " " علامت ہے۔ | قوسین | سکتہ | واوین | وقف مطلق |

(ج) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے ۔ ۵

| | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | وہ حافظ قرآن ہی نہیں ...... عالم بھی ہے۔ | صرف | حالانکہ | اگرچہ | بلکہ |
| 12 | سچ بولو ......... ندامت سے بچے رہو۔ | چنانچہ | البتہ | تاکہ | چاہیے |
| 13 | میاں بیوی ہنسی خوشی ......... | رہتی ہیں | رہتا ہے | رہتیں ہیں | رہتے ہیں |
| 14 | سچ اور دیانت انسان کو بہادر بنا ......... | دیتی ہے | دیتا ہے | دیتے ہیں | دیتیں ہیں |
| 15 | میرے دو قلم اور ایک کاپی کھو ......... | گئے ہیں | گئیں ہیں | گئی ہیں | گئی ہے |

(د) امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے ۵

| | فعل | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | دینا : | ذرا مجھے اپنا قلم دینا۔ | میں نے سعد کو خط لکھ دیا ہے۔ | اللہ ہر ایک کو رزق دیتا ہے۔ | وہ تمہیں کچھ نہ کچھ ضرور دے گا۔ |
| 17 | سکنا : | میرا سگا بھائی ہے۔ | سکون کی زندگی بسر کرو۔ | آپ چاہیں تو شام کو آ سکتے ہیں۔ | وہ تین اسماء کے ذکر میں ہمیشہ سکتہ لگتا ہے۔ |
| 18 | نکلنا : | یہاں سے نکلتے جاؤ | کام نکل گیا تو وہ بے گانہ ہو گیا۔ | یہ مصیبت کدھر سے آنکلی۔ | دیکھو چور ہاتھ سے نکل نہ جائے |
| 19 | آنا : | اسے سکول چھوڑ آؤ | وہ جلدی واپس آجائے گا | میں ابھی آتا ہوں | آؤ لاہور چلتے ہیں |
| 20 | پانا : | چور بہت سا مال دیکھ کر خوش ہوا۔ | خبردار چور جانے نہ پائے۔ | اللہ کرے تم جلد اپنی منزل پالو۔ | محض دولت پالینا کامیابی نہیں۔ |

SEQUENCE - 2

4 (Obj)-12018- 50000

مکہ فوٹو سٹیٹ اینڈ بک سنٹر
کالج روڈ تونسہ شریف
0333-6461909
0302-3725335

[redacted]

DGK.

(بارہویں کلاس 12018)

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

حصہ انشائیہ

۲۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

راتوں کو ہے سحر کی تجلی کا انتظار ہے ہر صدا فراق خموشی میں بے قرار
سوئے خزاں ، بہار گلستان روانہ ہے ہر برگ کا سکوت سراپا فسانہ ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے
مہ و ستارہ سے آگے مقام ہے جس کا وہ مشت خاک ابھی آوارگان راہ میں ہے
خبر ملی ہے خدایان بحر و بر سے مجھے فرنگ رہ گزر سیل بے پناہ میں ہے

۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) نواب صاحب کو ان کی طرف مطلق التفات نہ تھا، شاید اولاد نہ ہونے کے سبب محبت نہ کرتے ہوں، ورنہ بیگم صورت میں چندے آفتاب، چندے ماہتاب اور حسن و دولت پر مزاج ایسا سادہ کہ ہم جیسے ناچیزوں کو برابر بٹھانا اور پوچھنا۔

(ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنڑ پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدر آباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) مولانا ظفر علی خان

۵۔ نظم '' ایک کوہستانی سفر کے دوران میں'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) ہادی عالم ﷺ

(ب) نوجوان نسل اور جدید ٹیکنالوجی

(ج) ماحولیاتی آلودگی

۷۔ اپنی بڑی ہمشیرہ کو خط لکھ کر ان کے بھیجے ہوئے تحفے پر شکریہ ادا کیجیے۔ ۱۰

گوہر سٹیشنری اینڈ بک سنٹر
کالج روڈ تونسہ شریف
0333-6461909
0302-3725335